سورۃ الکٰفرون

Chapter 109 — Those who deny the Revealed Truths

آیات 6

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو سنورنے والوں کی مرحلہ وار اور قدم بہ قدم مدد و رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ان کے کمال تک لے جانے والا ہے (وہ یہ آگاہی دے رہا ہے کہ)!

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾

1-(اے رسولؐ! تم حق و باطل کی کشمکش میں آگے بڑھتے ہوئے اس مرحلے تک آ گئے ہو جہاں) برملا کہہ دو کہ! اے اہلِ کُفر!

لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾

2-میں ایسی کسی ہستی کی غلامی و اطاعت نہیں کرتا جس کی تم غلامی و اطاعت کرتے ہو۔

وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾

3-اور تم بھی اس ہستی کی غلامی و اطاعت نہیں کرتے جس کی اطاعت و غلامی میں کرتا ہوں۔

وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾

4-اور میں اس ہستی کی اطاعت و غلامی کرنے والا نہیں ہوں جس کی تم غلامی و اطاعت کرتے ہو۔

وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾

5-اور نہ تم اس ہستی کی غلامی و اطاعت کرنے والے ہو جس کی غلامی و اطاعت میں کرتا ہوں۔

لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ٪﴿۶﴾

6-(اس وجہ سے) تمہارا دین یعنی تمہارا نظامِ زندگی تمہارے لئے ہے اور میرا دین یعنی مجھ پر نازل شدہ پیمانے و قوانین اور اِن پر مبنی نظامِ زندگی میرے لئے ہے (لہٰذا، تمہارے مقاصد الگ ہیں اور میرے مقاصد الگ ہیں)۔